© rasailojaraid.com



قارئین بنام مدیر

# افکار و تاثرات

• غم دین خور کہ غم، غم دین است — مولانا قاضی عبدالکریم مدظلہ
• ماہنامہ طلوع اسلام کی گوہر افشانی — مولانا شوکت علی۔ قاری محمد سفیان
• سج رہا ہے شاہ خوباں کیلئے دربار دل — مولانا غلام محمد بی اے
• علماء حق ابھی زندہ ہیں — محمد اسحاق بینگورہ

---

**منکرین حدیث، منکرین قرآن** — **ماہنامہ طلوع اسلام کی گوہر افشانی** — پرویزیت کے آرگن ماہنامہ "طلوع اسلام" اور پرویز نے انکار حدیث اور انکار قرآن کے فروغ اور ترویج کے لئے جو کام کیا ہے۔ ماہنامہ الحق نے اپنی گذشتہ اشاعتوں میں وقیع اور مدلل مضامین شائع کر کے اس کا زبردست اور کامیاب تعاقب کیا ہے۔ پرویزیت کے ایوان میں ہل چل مچ گئی ہے اور پھر حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ نے ایوان بالا سینیٹ میں جس طرح پرویزیت کا بھانڈا چوراہے پر توڑا ہے اس پر ہم آپ کو دلی مبارک باد دیتے ہیں۔ آپ نے بھی دیکھا ہوگا ہم بھی تراشہ بھیج رہے ہیں۔ اور اس کے رد عمل میں پرویزیت کے آرگن ماہنامہ " طلوع اسلام " نے اپنی تازہ اشاعت میں مولانا سمیع الحق مدظلہ اور ادارہ الحق کے مجلس تحریر کے ارکان کے بارہ میں لکھا ہے کہ:-

" ان حضرات نے اپنی درسی کتابوں کا کبھی اچھی طرح مطالعہ تک نہیں کیا۔ وہ پرویز صاحب کی کتابیں کہاں پڑھتے؟ اسی لئے انہوں نے مطالعہ کئے بغیر اس راگ کو الاپنا شروع کر دیا جو اس سے پہلوں نے چھیڑا تھا اور تحریر و تقریر کے ذریعہ پرویز صاحب کے خلاف زہر اگلنے لگے۔ ان حضرات کا خیال تھا کہ پرویز صاحب کی وفات کے بعد، ان کا لگایا ہوا پودا مرجھا جائے گا۔ لیکن جب انہوں نے دیکھا کہ یہ تو مرجھا جانے کے بجائے تناور درخت بننے لگا ہے تو ان کے سینوں پر حسد اور بغض کے سانپ لوٹنے لگے۔ ان میں سے ایک تو سینیٹر مولوی سمیع الحق ہیں جنہوں نے کذب بیانی کی پرانی تمام مثالوں کو پس پشت ڈال دیا ہے اور ایوان بالا سینیٹ کے اعلیٰ ترین مقام سے (پرویزیت کے خلاف) وہ جھوٹ بولا جس کی مثال نہیں ملتی۔ اور پھر بھی وہ خود ساختہ "قائد شریعت" کے منصب پر سرفراز ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ان حضرات کے نزدیک شریعت اس کذب بیانی کا نام ہے .......

پرویز صاحب کے خلاف دہرائے جانے والے الزامات کو اب کتابی صورت میں "پرویز اور قرآن" کے عنوان سے شائع کیا ہے۔ (جو اس سے قبل ماہنامہ الحق میں بالاقساط مضامین کی صورت میں شائع ہوتے رہے) .... مولانا سمیع الحق کے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے بانی (مولوی عبدالحق صاحب اور مولوی قاضی زاہد الحسینی صاحب وغیرہ نے اس کتاب کو اس طرح پیش کرنا شروع کر دیا ہے کہ شاید یہ کوئی آسمانی صحیفہ ہے"۔ ماہنامہ طلوع اسلام مئی ۱۹۸۸ء



© rasailojaraid.com